**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD**

6th Cross, Malleshwaram, Bengaluru – 560003.

# Multiple Choice Question Based Model Question Paper

## 2020 - 21

**PAPER - 02**

**Subject : First Language Urdu**

**Code No : 12U**

**Time : 3 Hours**

**Total No. of Questions : 40 + 40 + 40 = 120**

**Max. Marks : 40 + 40 + 40 = 120**

---

**I.** **مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار متبادل جواب دیئے گئے ہیں۔صحیح جواب کا انتخاب کر کے دیئے گئے OMR پرچے میں موجودہ مساوی نمبر کے دائرے پر سیاہ/ نیلے قلم کی مدد سے ایک صحیح جواب کے دائرے میں رنگ بھریں۔** **40x1=40**

1. عموماً شعراء مجموعۂ کلام کی ابتداء اس صنف سے کرتے ہیں۔

A. حمد
B. نعت
C. قصیدہ
D. رباعی

2. پامال کیا برباد کیا کمزور کو طاقت والوں نے

مندرجہ بالا مصرعہ کے خط کشیدہ لفظ کے معنی ہیں۔

A. اکرام وعطا
B. تباہ و برباد
C. ہنر وکمال
D. چھوٹ اور غلط

3. صنم ترے ہیں، خدا ناشناس بھی تیرے

بالا مصرعہ کے لئے ثانی مصرعہ لکھئے۔

A. عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے
B. اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے
C. نمازِ عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے
D. غضب وقہر بھی تیرا ،ثواب تیرا ہے

4. صورت کے لحاظ سے جملے کی دو قسمیں یہ ہیں۔

A. جملۂ انشائیہ اور جملۂ اسمیہ
B. جملۂ مفرد اور جملۂ مرکب
C. جملۂ مرکب اور جملۂ انشائیہ
D. جملۂ اسمیہ اور جملۂ مفرد

5. مزدلفہ میں قیام کے دوران حضور ﷺ نے یہ نمازیں ایک ساتھ ادا کیں۔

A. نمازِ فجر اور نمازِ ظہر
B. نمازِ ظہر اور نمازِ عصر
C. نمازِ عصر اور نمازِ مغرب
D. نمازِ مغرب اور نمازِ عشاء

6. ایسا جملہ جس میں مسند الیہ اور مسند دونوں اسم ہوں کہلاتے ہیں۔

A. جملہ فعلیہ
B. جملہ خبریہ
C. جملہ اسمیہ
D. جملہ انشائیہ

7. ماؔہر القادری کی مشہور و مقبول نعتیہ نظم ہے

A. ظہورِ قدسی
B. جذباتِ ماہر
C. محسوسات ماہر
D. ذِکرِ جمیل

8. جمع اور واحد کے لحاظ سے غیر موزوں لفظ ہے۔

A. واقعات
B. برسات
C. حالات
D. خیالات

9. چال جیسے کڑی کمان کا تیر
مندرجہ بالا مصرعہ میں صنعتِ تشبیہہ ہے

A. چال
B. جیسے
C. کڑی
D. تیر

10. وہ منظوم کلام ہے جس کا ہر شعر معنی کے لحاظ سے مکمل ہوتا ہے۔

A. حمد
B. نعت
C. غزل
D. مرثیہ

11. مندرجہ ذیل اشعار میں مقطع کی نشاندہی کیجئے۔

A. ابنِ مریم ہوا کرے کوئی
میرے دُکھ کی دوا کرے کوئی

B. بات پر واں زبان کٹتی ہے
وہ کہیں اور سنا کرے کوئی

C. جب توقع ہی اٹھ گئی غالبؔ
کیوں کسی سے گلا کرے کوئی

D. نہ سُنو گر برا کہے کوئی
نہ کہو، گر بُرا کرے کوئی

12. لال قلعے کے مشاعرے میں سُنائی گئی جوشؔ کی نظم کا عنوان تھا۔

A. ماتمِ جوش
B. ماتمِ ہند
C. ماتمِ آزادی
D. ماتمِ قید

13. ''جو یہاں موجود ہے وہ اس پیغام کو اس تک پہنچا دے جو یہاں نہیں۔''
یہ جملہ اس سبق سے لیا گیا ہے

A. حجتہ الوداع
B. جواہر لال نہرو کی اُردو دوستی
C. درشٹی
D. طوطی ہند امیر خسرو

14. درج ذیل میں غیر مترادف لفظ ہے

A. چَراغ
B. قندیل
C. دیدار
D. دِیا

15. اگلی بار جیل گیا تو تم فقط ''ہائے فراق'' رہ جاؤ گے۔''
یہ جملہ کہنے والے

A. پنڈت جواہر لال نہرو
B. فراقؔ گورکھپوری
C. سیٹھ گونداس
D. محمد رفیع انصاری

16. کلام میں متضاد الفاظ استعمال کئے جائیں تو وہ صنعت کہلاتی ہے۔

A. صنعتِ تلمیح
B. صنعتِ تضاد
C. صنعتِ تکرار
D. صنعتِ استعارہ

17. دائی کی بات سُن کر شاعر کے دل میں یہ خیال پیدا ہوتا ہے۔

A. کاش میں ایک پھول ہوتا B. کاش میں ایک ستارہ ہوتا

C. کاش میں ایک چاند ہوتا D. کاش میں ایک جگنو ہوتا

18. ''بھسم کر دینا'' محاورہ کا مطلب ہے

A. نکال دینا B. جلا دینا

C. آباد کر دینا D. چھوڑ دینا

19. ودیا چرن جی کے مطابق تاریخ ہمیں یہ سکھاتی ہے۔

A. اچھا پڑھنا B. اچھا لکھنا

C. آگے دیکھنا D. آگے بڑھنا

20. مرکب مطلق کی قسم نہیں ہے

A. وصلی B. تردیدی

C. نہی D. سببی

21. جس نظم میں مرنے والے کے اوصاف بیان کئے جاتے ہیں وہ کہلاتی ہے

A. مرثیہ B. قصیدہ

C. رباعی D. آزاد نظم

22. ''خدا ایک ہے۔ہم اس کے بندے بھی ایک ہیں۔''

یہ جملہ انہوں نے کہا

A. مولانا رمضان B. مولانا رجب

C. اندو متی D. ودیا چرن جی

23. ذیل میں سابقہ کی نشاندہی کیجئے۔

A. نیک نام B. نوحہ گر

C. صحت مند D. بدکار

24. آنکھیں کس نے دان کی تھیں۔

A. مولانا رجب B. ودیا چرن جی

C. بھرت نارائن جی D. اندو متی

25. صف باندھنے کے بعد غل مچا کیونکہ

A. حضرت امام حسینؓ جنگ سے واپس آ گئے

B. حضرت امام حسینؓ جنگ کے لئے نکل رہے تھے

C. حضرت امام حسینؓ جنگ جیت گئے

D. حضرت امام حسینؓ سپاہیوں کو تیار کئے

26. سرحدوں کا جال نظم کے شاعر ہیں

A. سلیمان خمارؔ

B. میر انیسؔ

C. ڈاکٹر صغریٰ عالم

D. ماہرؔ القادری

27. پابند نظم میں مصرعے ''یکساں'' ہوتے ہیں اور آزاد نظم میں مصرعے

A. مساوی رہتے ہیں

B. ملتے جلتے رہتے ہیں

C. گھٹتے بڑھتے رہتے ہیں

D. ردیف اور قافیہ ہوتے ہیں

28. مجموعہ میں بیٹھی اِندو متی سوچ رہی تھی کہ

A. پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے

B. پھر سارا دیش ہمارے گھر جیسا کیوں نہ بنے

C. پھر سارا دیش ہمارے مدرسہ جیسا کیوں نہ بنے

D. پھر سارا دیش ہمارے شہر جیسا کیوں نہ بنے

29. سرحدوں کا جال نظم کے ذریعہ ابتداء میں جہاں چاہے جانے کی آزادیاں کسے نصیب تھیں۔

A. سیاستدانوں

B. استادوں

C. نسلِ آدم

D. راجاؤں

30. ذیل میں دیئے گئے الفاظ میں مضمون کا جُز نہیں ہے۔

A. تمہید

B. نفسِ تمہید

C. نفسِ مضمون

D. خاتمہ

31. حضرت امام حسینؓ نے اہل بیت سے صبر کی تلقین اس لئے کی کیونکہ

A. صبر سے جنگ میں جیت ہوتی ہے

B. صبر خدا کو پسند ہے

C. صبر بندوں کو پسند ہے

D. صبر سپاہیوں کو پسند ہے

32. امیر خسرو نے ابتداء میں یہ تخلص اختیار کیا۔

A. امیرؔ

B. سلطانیؔ

C. یمین الدینؔ

D. خسروؔ

33. اصغؔر سے ملے لیکن، اصغؔر کو نہیں دیکھا
اشعار میں سنتے ہیں، کچھ کچھ وہ نمایاں ہے
مندرجہ بالا شعر میں استعمال کی گئی صنعت ہے

A. صنعتِ تضاد
B. صنعتِ استعارہ
C. صنعتِ تکرار
D. صنعتِ تلمیح

34. موسیقی کے مقابلے میں امیر خسرو نے انہیں شکست دی

A. گوپال
B. کرشنا
C. راہل
D. موہن

35. اپنے والدین، رشتہ دار، دوست/سہیلی کے نام خط لکھنا کہلاتا ہے

A. کاروباری خط
B. نجی خط
C. دفتری خط
D. سرکاری خط

36. امیر خسرو کا پسندیدہ پرندہ تھا۔

A. کوئل
B. مور
C. کبوتر
D. چڑیا

37. رباعی کا کونسا مصرعہ ردیف اور قافیہ کا پابند نہیں ہوتا۔

A. پہلا
B. دوسرا
C. تیسرا
D. چوتھا

38. اس بادشاہ نے امیر خسرو کو مثنوی لکھنے پر انعام دینے کا وعدہ کیا تھا۔

A. شہاب الدین خلجی
B. علاءالدین خلجی
C. جلاالدین خلجی
D. مبارک شاہ خلجی

39. امیر خسرو نے کم عمری میں یہ فن سیکھا

A. فنِ تعمیری
B. فنِ رقص
C. فنِ خطاطی
D. فنِ کاریگری

40. اگر شاعر کلام میں کسی واقعہ، قصّہ یا کسی مذہبی روایت کی طرف اشارہ کرتا ہے تو اُسے کہتے ہیں۔

A. صنعتِ استعارہ
B. صنعتِ تلمیح
C. صنعتِ تشبیہہ
D. صنعتِ تکرار

**For Rough Work**